25.08.2024

1350 Hrs

HL-OPENNING

آداب_

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ۔۔۔۔۔

---------------------------------

Music

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ خلاء کے شعبے میں اصلاحات سے ملک کے نوجوانوں کو کافی فائدہ ہوا ہے۔

☆ آکاشوانی پر 'مَن کی بات' پروگرام میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے، وزیر اعظم نے زور دے کر کہا کہ سیاست میں غیر سیاسی پس منظر کے نوجوانوں کے آنے سے ملک کے مستقبل میں بڑی تبدیلی آئے گی۔

☆ جناب مودی نے کہا کہ 'ہر گھر ترنگا' مہم نے پورے ملک کو اتحاد کے ایک دھاگے میں پرو دیا۔

☆ وزیر اعظم نے مہاراشٹر میں جَل گاؤں میں لکھپتی دیدیوں کے ساتھ گفتگو کی ہے۔

☆ سی بی آئی نے RG Kar میڈیکل کالج اسپتال میں مالی بے ضابطگیوں کے معاملے پر کولکاتہ میں 15 مقامات پر تلاشی کی کارروائی کی ہے۔

☆ اور بیڈمنٹن میں، بھارت کی Tanvi Patri نے ایشیا چمپئن شپ میں 15 سال سے کم عمر لڑکیوں کے زمرے میں سنگلز کا ٹائٹل جیت لیا ہے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے

PM - Man Ki Baat

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ خلاء کے شعبے میں اصلاحات سے ملک کے نوجوانوں کو کافی فائدہ ہوا ہے۔ آج آکاشوانی پر 'من کی بات' پروگرام میں ملک کے لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے، وزیر اعظم نے کہا کہ ملک میں کافی کچھ ایسا ہورہا ہے، جس سے ایک ترقی یافتہ بھارت کی بنیاد مستحکم ہورہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس مہینے کی 23 تاریخ کو ہموطنوں نے چندریان 3 کی کامیابی کے سلسلے میں خلاء سے متعلق پہلا قومی دن منایا۔ جناب مودی نے کہا کہ پچھلے سال اِس دن چندریان 3 شِو شکتی پوائنٹ پر چاند کے جنوبی حصے میں کامیابی کے ساتھ اترا تھا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اِس طرح یہ کامیابی حاصل کرنے والا دنیا کا پہلا ملک بنا۔ 'مَن کی بات' کے دوران وزیر اعظم نریندر مودی نے Spacetech اِسٹارٹ اَپ Galax Eye کی ٹیم کے ارکان کے ساتھ گفتگو بھی کی، جسے IIT مدراس کے سابق طلباء نے لانچ کیا تھا۔ جناب مودی نے کہا کہ لال قلعے سے اِس سال انہوں نے غیرسیاسی پس منظر والے ایک لاکھ نوجوانوں پر زور دیا تھا کہ وہ سیاسی نظام کے ساتھ منسلک ہوں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ اِس پر زبردست جوش و خروش دیکھنے میں آیا ہے اور بڑی تعداد میں نوجوان سیاست میں داخل ہونے کیلئے تیار ہیں۔ 'ہر گھر ترنگا' مہم کے بارے میں بات کرتے ہوئے، وزیر اعظم نے کہا کہ جموں و کشمیر میں Reasi میں دنیا کے سب سے بڑے ریل پُل چناب ریلوے Bridge پر ساڑھے سات سو میٹر لمبے قومی پرچم کے ساتھ ترنگا ریلی نکالی گئی۔ اس بات پر فخر کا اظہار کرتے ہوئے، جناب مودی نے کہا کہ جس کسی نے بھی یہ تصویریں دیکھی ہیں، اُس کا دِل خوشی اور مسرت سے سرشار ہوگیا۔ اِسی طرز پر ملک کی دیگر ریاستوں میں بھی سبھی عمر کے لوگوں نے اِس طرح کی ترنگا یاتراؤں میں حصہ لیا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ 'ہر گھر ترنگا' مہم نے پورے ملک کو اتحاد کے ایک دھاگے میں پرو دیا اور یہی 'ایک بھارت شریشٹھ بھارت' ہے۔ وزیر اعظم نے انسانوں اور جانوروں کے درمیان پیار محبت کے رشتے پر بھی اظہارِ خیال کیا۔ جناب مودی نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ Catch the Rain Movement اور 'ایک پیڑ ماں کے نام' مہم میں شامل ہوں۔ سنسکرت کے عالمی دن کا تذکرہ کرتے ہوئے، جو کچھ دن پہلے منایا گیا ہے، جناب مودی نے کہا کہ Lithuania کے ایک پروفیسر Vytis Vidunas نے ''دریاؤں پر سنسکرت'' کے عنوان سے ایک منفرد پہل کی ہے، جس کے تحت لوگوں کا ایک گروپ Neris دریا کے کنارے پر اکٹھا ہوتا ہے۔ یہ لوگ وہاں ویدوں کا جاپ اور گیتا کا پاٹھ کرتے ہیں۔ آج کے 'من کی بات' پروگرام میں، وزیر اعظم نریندر مودی نے تندرستی کے معاملے اور لوگوں کی زندگی میں اِس کی اہمیت پر بھی اظہارِ خیال کیا اور اِسے فروغ دینے کیلئے سرکار کی جانب سے کئے گئے مختلف اقدامات کا تذکرہ کیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ کسی کنبے، معاشرے اور ملک کے مستقبل کا دارومدار بچوں کی صحت پر ہوتا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ ہر سال پہلی ستمبر سے 30 ستمبر تک تغذیہ بخش خوراک کا مہینہ 'پوشن ماہ' منایا جاتا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ اب سے کچھ دن بعد پیرس میں Paralympics شروع ہوجائیں گے اور 140 کروڑ

بھارتی افراد ملک کے کھلاڑیوں اور Athletes کا حوصلہ بڑھائیں گے۔جناب مودی نے لوگوں سے کہا کہ وہ ہیش ٹیگ Cheer 4 bharat کے ساتھ کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کریں۔ وزیر اعظم نے لوگوں کو آنے والے تہواروں جنم اشٹمی، گنیش چترتھی، اونم، میلاد النبی اور تیلگو بھاشا دِوس کی مبارکباد دی۔ x

## PM - Maharashtra & Rajasthan

وزیر اعظم نریندر مودی اس وقت مہاراشٹر میں جَل گاؤں کے مقام پر لکھ پتی دیدی سمّیلن میں شرکت کررہے ہیں۔ وہ ان 11 لاکھ نئی Lakhpati Didis کو سرٹیفکیٹس دیں گے اور اُن کی عزت افزائی کریں گے، جو حال ہی میں NDA حکومت کی تیسری مدت کے دوران Lakhpati بنی ہیں۔ وزیراعظم نے لکھ پتی دیدیوں سے بات چیت بھی کی جو سالانہ ایک لاکھ روپے سے زیادہ کمارہی ہیں۔پروگرام کے دوران، وزیراعظم مودی مختلف مقاصد کیلئے استعمال ہونے والا، دو ہزار 500 کروڑ روپے کا کمیونٹی سرمایہ کاری فنڈ بھی جاری کریں گے، جس سے 4 لاکھ 3 ہزار اپنی مدد آپ گروپوں کے تقریباً 48 لاکھ ممبروں کو فائدہ ہوگا۔وزیر اعظم 5 ہزار کروڑ روپے کا ایک بینک قرض بھی جاری کریں گے، جو 2 لاکھ 35 ہزار سے زیادہ اپنی مدد آپ گروپوں کے 25 لاکھ 8 ہزار ممبروں کو فائدہ پہنچائے گا۔شام میں وزیر اعظم جودھپور پہنچیں گے جہاں وہ راجستھان ہائی کورٹ کی پلیٹینیم جوبلی تقریبات کی اختتامی تقریب میں مہمان خصوصی ہوں گے۔ جناب مودی راجستھان ہائی کورٹ میوزیم کا افتتاح بھی کریں گے۔x

## CBI - RG Kar

مغربی بنگال میں مرکزی جانچ بیورو CBI نے ایک زیرِ تربیت خاتون ڈاکٹر کی آبرو ریزی اورقتل کیس کے تناظر میں کولکاتہ کے RG Kar میڈیکل کالج اسپتال میں مالی بے ضابطگیوں کے الزامات کے سلسلے میں آج صبح 15 مقامات پر تلاشی کی کارروائی کی۔ CBI کی ایک ٹیم میڈیکل کالج کے سابق پرنسپل ڈاکٹر سندیپ گھوش سے ، اُن کی رہائش گاہ پر پوچھ تاچھ کررہی ہے، جبکہ CBI کی ایک اور ٹیم میڈیکل کالج کی نئی پرنسپل اور وائس پرنسپل سے پوچھ تاچھ کررہی ہے۔ اس کے علاوہ، CBI کی دیگر ٹیمیں اسپتال کے سابق سپرنٹنڈنٹ پروفیسر Debashis Som اور وائس پرنسپل ڈاکٹر سنجے وَشِشٹھ نیز میڈیکل سپلائر Bipal Singh سے ، اُن کی رہائش گاہوں پر پوچھ تاچھ کررہی ہے۔ x

## TELEGRAM CEO ARRESTED

پیغام رسانی سے متعلق مشہور اپیلی کیشن، ٹیلی گرام کے بانی اور CEO پاویل Durov کو پیرس کے باہر Le-Bourget ہوائی اڈے پر گرفتار کرلیا گیا۔ فرانسیسی حکام نے بتایا ہے کہ Durov کی گرفتاری، ٹیلی گرام پلیٹ فارم سے وابستہ غیرقانونی سرگرمیوں سے متعلق ایک وارنٹ کے تحت کی گئی ہے۔ تحقیقات کے دوران ثالثیوں کی کمی پر توجہ مرکوز کی گئی تھی، جس کے سبب مجرمانہ سرگرمیاں انجام دی گئی تھیں۔ Durov کی گرفتاری، فرانس میں روس کا سفارتخانہ، صورتحال کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کی غرض سے فوری اقدامات کررہا ہے۔ X

## Pune Monkeypox

مہاراشٹر کے پونے ضلعے میں Mpox وائرس کے انفیکشن کے بڑھتے ہوئے خطرے کے تناظر میں ریاست کا محکمۂ صحت احتیاطی اقدامات کررہا ہے۔ گذشتہ چھ دن کے دوران پونے ہوائی اڈے پر سنگاپور اور دوبئی سے آنے والے 531 مسافروں کی جانچ کی گئی ہے۔ البتہ اِن میں سے کوئی بھی مشتبہ مریض نہیں پایا گیا۔ احتیاطی اقدام کے طور پر محکمۂ صحت نے یہ وضاحت کی ہے کہ ہوائی اڈے پر پہنچنے والے سبھی مسافروں کی وائرس کے ممکنہ انفیکشن کیلئے جانچ کی جائے گی۔ پرائیویٹ اسپتالوں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ مشتبہ مریضوں کے بارے میں اطلاع میونسپل صحت محکمے کو دیں اور مریضوں کے خون کے نمونے جانچ کیلئے Virology کے قومی ادارے کو بھیجیں۔ x

## Nasa SaaceX Mission

NASA کے دو خلا باز، سنیتا ولیمز اور Barry Wilmore، اسپیس X کے ساتھ فروری 2025 میں زمین پر واپس آئیں گے۔ وہ اصل میں آٹھ دن کے مشن پر خلا میں گئے تھے لیکن اب وہ اپنے بوئنگ اسٹار لائنر خلائی جہاز کے مسائل کی وجہ سے تقریباً آٹھ ماہ مدار میں گزاریں گے۔ ناسا نے اعلان کیا ہے کہ اسٹار لائنر، عملے کے بغیر زمین پر واپس آئے گا۔خلائی جہاز کو بین الاقوامی خلائی اسٹیشن کے سفر کے دوران مسائل کا سامنا کرنا پڑا ہے جن میں Helium کا رساؤ اور Thrusters کی خرابی شامل ہے۔ بوئنگ اور اسپیس ایکس کو ناسا کی جانب سے کمرشیل خلائی پروازوں کے لیے بلین ڈالر کے معاہدوں سے نوازا گیا تھا۔X

## ISRAEL EMERGENCY

اسرائیل کے وزیر دفاع Yoav Gallant نے آج صبح 48 گھنٹے کی ملک گیر ایمرجنسی کا اعلان کیا ہے۔ اس سے پہلے ان کی فوج نے لبنان میں حزب اللہ کے خلاف پیش بندی کے طور پر حملے کئے تھے۔ ایمرجنسی کے اقدامات، بھارتی وقت کے مطابق آج صبح ساڑھے آٹھ بجے سے لاگو ہوگئے ہیں۔ ان کا مقصد اسرائیل کی دفاعی

فورسز-IDF کو اہمیت کی حامل ہدایات کے نفاذ کیلئے بااختیار بنانا ہے۔ ان میں عوامی اجتماعات پر بندشیں شامل ہیں۔ X

## Indonesia Flash Flood

انڈونیشیا میں شمالی Maluku میں اچانک سیلاب آنے اور چٹانوں کے ٹکڑے گرنے سے کم از کم سات افراد کی موت ہوگئی، جبکہ دو زخمی ہوئے۔ کئی لوگوں کے لاپتہ ہونے کا اندیشہ ہے۔ وہاں تیز بارش کا سلسلہ کُل شروع ہوا تھا، جس سے Ternate City میں تباہی ہوئی ہے۔ بچاؤ اور امدادی کارروائی جاری ہے، جس میں فوج کے اہلکار، پولیس، تلاش اور بچاؤ محکمے کے مقامی اہلکار، قدرتی آفات سے پیدا حالات سے نمٹنے والے عملے کے لوگ اور رضاکار لگے ہوئے ہیں۔ x

## IMD - Rainfall

بھارتی موسمیات محکمے نے آج راجستھان، مدھیہ پردیش، وسطی مہاراشٹر، گجرات، سوراشٹر اور کچھ میں شدید سے لے کر بہت شدید بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ آسام اور میگھالیہ میں بھی بہت تیز بارش ہونے کا امکان ہے۔ اِس کے علاوہ، اترپردیش ، کرناٹک، تلنگانہ، مراٹھواڑہ اور وِدَربھ میں بھی آج موسلادھار بارش ہونے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ x

## Surfing Asian Games

بھارتی Surfing ٹیم نے تاریخ میں پہلی مرتبہ 2026 کے ایشیائی کھیلوں میں اپنی جگہ بنالی ہے۔ بھارتی ٹیم نے مردوں اور خواتین کیلئے ایک - ایک کوٹے کے ساتھ ایشیائی کھیلوں کیلئے کوالیفائی کرنے کیلئے درکار درجہ بندی کے پوائنٹ حاصل کرلئے۔ ایشیائی Surfing چمپئن شپ 2024 میں بھارتی کھلاڑیوں نے درجہ بندی کے پوائنٹس کی بنیاد پر یہ کوٹہ حاصل کیا ہے۔ بھارت کی Surfing فیڈریشن کے صدر Arun Vasu نے کہا ہے کہ یہ تاریخی دن بہت خوشی کا موقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کامیابی ہمارے Surfing کھلاڑیوں، کوچز اور فیڈریشن کی سخت محنت اور پختہ عزم کی عکاسی کرتی ہے۔ x

## Badminton

بیڈمنٹن میں بھارت کی Tanvi Patri نے ایشیا جونیئر چمپئن شپ میں پندرہ سال سے کم عمر لڑکیوں کے زمرے کا سنگلز ٹائٹل جیت لیا ہے۔ چین کے Chengdu میں فائنل میں Tanvi نے دوسرے نمبر کی کھلاڑی ویتنام کی Thi Thu Huygen کو 22-20 اور 21-11 سے ہرا دیا۔ 13 سالہ بیڈمنٹن کھلاڑی نے ایک بھی Game ہارے بغیر ٹائٹل جیتا ہے۔ اِس سے پہلے سیمی فائنل میں Tanvi نے تھائی لینڈ کی چھٹے نمبر کی کھلاڑی کو 21-19 اور 21-10 سے ہرایا تھا۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆